**31.07.2024**

**21.15 Hrs**

## HL-OPENNING

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں محمد عمار

**Music**

..............................................................................

☆ مرکزی حکومت نے وائناڈ ضلعے میں مٹی کے تودے کھسکنے کے خطرناک حادثے سے نمٹنے کیلئے کیرالہ کو مکمل تعاون فراہم کرنے کا یقین دلایا ہے۔ اس حادثے میں مرنے والوں کی تعداد بڑھ کر 240 ہوگئی ہے۔

☆ وزیر خزانہ نرملا سیتا رمن نے زور دے کر کہا ہے کہ مرکزی بجٹ، ترقی اور مالی استحکام کے درمیان ایک شاندار توازن قائم رکھتا ہے۔

☆ یونین پبلک سروس کمیشن نے زیر تربیت IAS پوجا Khedkar کی عارضی امیدواری کو ردّ کر دیا ہے اور مستقبل کے تمام امتحانات سے بھی روک دیا ہے۔

☆ حماس کے سیاسی رہنما اسماعیل حانیہ کو تہران میں ہلاک کر دیا گیا ہے۔ ایران نے بدلہ لینے کا عزم کیا ہے۔

☆ بھارتی محکمۂ موسمیات نے اگلے پانچ روز کے دوران ملک کے مغربی ساحلی علاقوں میں شدید بارش کی پیشگوئی کی ہے۔

☆ اور...... پیرس اولمپکس میں خاتون مکّے باز Lovilina Borgohain کوارٹر فائنل میں پہنچ گئی ہیں۔ بیڈمنٹن کھلاڑی پی وی سندھو اور لکشیہ سین، ٹیبل ٹینس کھلاڑی Sreeja Ankula سنگلز کے پری کوارٹر فائنل میں پہنچ گئی ہیں۔ نشانے باز Swapnil Kusale نے مردوں کے 50 میٹر رائفلز تھری پوزیشن مقابلے کے فائنل کیلئے کوالیفائی کرلیا ہے۔

..............................................................................

(Music)

اب خبریں تفصیل سے

### *Rev. PAR RS HM Wyanad*

مرکزی حکومت نے وائناڈ ضلعے میں مٹی کے تودے کھسکنے کے خطرناک حادثے سے نمٹنے کیلئے کیرالہ حکومت اور ریاست کے عوام کو مکمل تعاون دینے کا یقین دلایا ہے۔ آج لوک سبھا میں ملک کے مختلف علاقوں میں سیلاب اور مٹی کے تودے کھسکنے کے پیش نظر انسانی جانوں کی اتلاف اور املاک کے نقصانات پر توجہ دلانے کی تحریک کے دوران

جواب دیتے ہوئے وزیر داخلہ امت شاہ نے کیرالہ کے عوام کو یقین دلایا کہ مرکزی حکومت، وائناڈ سانحہ کے بعد ہر ممکن مدد فراہم کرے گی۔ جناب شاہ نے کہا کہ وزیر اعظم نریندر مودی بذات خود حالات کی نگرانی کر رہے ہیں۔

بحث میں مداخلت کرتے ہوئے امور داخلہ کے وزیر مملکت نتیانند رائے نے کہا کہ مرکز نے سیلاب اور مٹی کے تودے کھسکنے سمیت اعلیٰ خطرات کے حامل قدرتی آفات کے بندوبست کیلئے 33 ایڈوائیزری جاری کی ہے۔ انھوں نے کہا کہ ریاستی حکومتیں، اِن ایڈوائیزی کے مطابق تیاریاں کرسکتی ہیں۔ بحث کا آغاز کرتے ہوئے کانگریس کے، K.C وینو گوپال نے کہا کہ وائناڈ سانحہ ایک دردناک واقعہ ہے اور امداد اور بچاؤ کی کارروائی نیز باز آبادکاری کی غرض سے کچھ ٹھوس اقدامات کیے جانے چاہئیں۔ دیگر ممبران نے بھی بحث میں حصہ لیا۔ اس سے پہلے آج راجیہ سبھا میں وائناڈ ضلع میں تباہی پر توجہ دلانے کی تحریک کے دوران مداخلت کرتے ہوئے وزیر داخلہ امت شاہ نے کہا کہ ریاستی سرکار کو اِس مہینے کی 23 تاریخ کو کیرالہ کے وائناڈ ضلع میں شدید بارش اور مٹی کے تودے کھسکنے کے امکانات کے بارے میں ابتدائی وارننگ جاری کی گئی تھی۔ اسی طرح ریاستی سرکار کو دوبارہ 24 اور 25 جولائی کو بھی یہ وارننگ دی گئی تھی۔

جناب امت شاہ نے کہا کہ اگر کیرالہ حکومت NDRF کی ٹیموں کی آمد کے بعد چوکنا ہوجاتی تو وائناڈ ضلع میں ہونے والے نقصانات کو کم کیا جاسکتا تھا۔ BJP کے ارون سنگھ، CPIM کے Jhon Brittas، RJD کے منوج جھا، DMK کے Tiruchi Shiva، AIADMK کے M Thamidurai، NCP کے پرفل پٹیل، انڈین یونین مسلم لیگ کے حارث Beeran، ترنمول کانگریس کے ساکیت گوکھلے، عام آدمی پارٹی راگھو چڈھا، BJD کے مجیب اللہ خان کے علاوہ دیگر ممبران نے بحث میں حصہ لیا۔

اسی دوران وائناڈ ضلع میں مٹی کے تودے کھسکنے کے واقعے میں مرنے والوں کی تعداد بڑھ کر 240 ہوگئی ہے۔ خطے میں بچاؤ اور راحت کی کارروائیاں جنگی پیمانے پر جاری ہیں۔x

**RS - FM Reply**

وزیر خزانہ نرملا سیتا رمن نے کہا ہے مرکزی بجٹ، ترقی، روزگار، فلاح و بہبود، اثاثے کی سرمایہ کاری اور مالی استحکام جیسی ترجیحات کے درمیان ایک اچھا توازن قائم رکھتا ہے۔ محترمہ سیتا رمن آج راجیہ سبھا میں مرکزی بجٹ 2024-25 اور مرکز کے زیر انتظام علاقے جموں وکشمیر کیلئے بجٹ 2024-25 پر بحث کا جواب دے رہی تھیں۔ یہ کہتے ہوئے کہ حکومت 'سب کا ساتھ، سب کا وِکاس، سب کا وشواس، سب کا پریاس' کے نعرے پر مکمل یقین رکھتی ہے، وزیر خزانہ نے اِس بات پر زور دیا کہ بجٹ میں امدادِ باہمی پر مبنی وفاقیت کیلئے غیر متزلزل حمایت کی تجویز پیش کی گئی ہے۔ وزیر خزانہ نے زراعت کے شعبے کیلئے مختص رقم میں کمی کے اپوزیشن کے الزام کو مسترد کردیا۔

محترمہ سیتا رمن نے مطلع کیا کہ تعلیم، روزگار اور ہنرمندی کیلئے ایک اعشاریہ چار آٹھ لاکھ کروڑ روپے مختص کئے گئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ٹیکس ریونیو میں متاثر کن اضافہ دیکھنے میں آیا ہے۔ x

**RS BSF**

سرحدی حفاظتی فورس-BSF میں گزشتہ پانچ سال کے دوران کُل 54 ہزار 760 اہلکاروں کی بھرتی کی گئی ہے۔ آج راجیہ سبھا میں ایک تحریری جواب میں یہ اطلاع فراہم کرتے ہوئے، داخلی امور کے وزیر مملکت نتیانند رائے نے کہا کہ BSF میں گزشتہ پانچ برسوں میں سات ہزار 372 نئی اسامیاں پیدا کی گئی ہیں۔ انھوں نے کہا کہ

BSF میں 10 ہزار سے زیادہ عہدے خالی ہیں۔ جناب رائے نے کہا کہ حکومت نے سابق اگنی ویروں کو BSF میں کانسٹیبل کے عہدے پر بھرتی کرنے کی غرض سے خصوصی ضابطے بنائے ہیں۔ انھوں نے کہا کہ سابق اگنی ویر امیدواروں کیلئے زیادہ سے زیادہ عمر کی حد میں تین سال تک کی نرمی کی گئی ہے۔

اس کے علاوہ اگنی پتھ اسکیم کے پہلے بیچ کے امیدواروں کو زیادہ سے زیادہ عمر کی مقررہ حد میں پانچ سال تک کی نرمی کی گئی ہے۔ انھوں نے کہا کہ سابق اگنی ویر جسمانی اہلیت سے متعلق ٹیسٹ سے مستثنیٰ ہوں گے۔ x

## ***RS - CAPFs***

سال 2021 سے 2023 کے درمیان، مرکزی مسلح پولیس فورس - CAPFs اور آسام رائفلز- AR کے کُل دو ہزار 463 سکیورٹی اہلکاروں نے فرائض انجام دینے کے دوران اپنی جانیں گنوائی ہیں۔ ان میں سے 112 اہلکاروں کی تصادم کے دوران موت ہوئی ہے۔ ان کے علاوہ 2 ہزار 351 اہلکار اپنی ڈیوٹی کرتے ہوئے فوت ہوئے۔

آج راجیہ سبھا میں ایک تحریری جواب میں داخلی امور کے وزیرِمملکت نتیا نند رائے نے کہا کہ ملک کیلئے اپنی جانیں قربان کردینے والے CAPFs اور AR کے اہلکاروں کے لواحقین کو فوائد فراہم کئے گئے ہیں۔ ان فوائد میں تصادم کے دوران جان گنوانے والوں کیلئے یک مشت نقد معاوضہ کی رقم کو 15 لاکھ روپے سے بڑھا کر 35 لاکھ روپے کرنا اور ڈیوٹی کے دوران فوت ہونے والوں کیلئے دس لاکھ سے لے کر 25 لاکھ روپے تک کی نقد امداد شامل ہے۔ x

## **RS - Nirbhaya Fund**

حکومت نے نربھیا فنڈ کے تحت مالی سال 24-2023 میں کُل 7 ہزار 212 کروڑ 85 لاکھ روپے کی رقم مختص کی ہے۔ خواتین اور بچوں کی بہبود کی وزیر Annpurna دیوی نے آج راجیہ سبھا میں ایک تحریری جواب میں یہ اطلاع فراہم کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ نربھیا فنڈ کے قیام کے بعد سے وزارتوں اور محکموں کے ذریعہ جاری کردہ کُل رقم میں سے تقریباً پانچ ہزار کروڑ روپے کے بقدر رقم استعمال کی جاچکی ہے ، جو کُل مختص کردہ رقم کا لگ بھگ 76 فیصد ہے۔ x

## ***UPSC - Puja Khedkar***

یونین پبلک سروس کمیشن، UPSC نے پوجا کھیڑکر کی Provisional امیدواری ردّ کردی ہے اور انہیں مستقبل میں ہونے والے سبھی امتحانات کیلئے نااہل قرار دے دیا ہے۔

UPSC کی جانب سے جاری کردہ بیان میں کہا گیا ہے کہ دستیاب حقائق کا بغور مشاہدہ کرنے کے بعد ، اُس نے محترمہ کھیڑکر کو سِول سروسز امتحانات 2022 کے ضابطوں کی خلاف ورزی کا مرتکب پایا۔

اس سے پہلے کمیشن نے ، اُنہیں جعلی شناخت کا استعمال کرتے ہوئے، امتحان دینے کی مقررہ حد کی خلاف ورزی پر وجہ بتاؤ نوٹس جاری کیا تھا۔ UPSC کی جانب سے جاری بیان میں مزید کہا گیا ہے کہ محترمہ کھیڑکر کو وجہ بتاؤ نوٹس کا جواب دینے کی مہلت میں گذشتہ کل تک توسیع دیئے جانے کے باوجود ، انہوں نے مقررہ وقت میں اپنا جواب داخل نہیں کیا۔

UPSC نے مزید کہا کہ اُس نے گذشتہ 15 برسوں کے دوران سِول سروسز امتحانات کیلئے حتمی طور پر تجویز کردہ 15 ہزار سے زیادہ امیدواروں کے دستیاب ڈاٹا کا باریک بینی سے مشاہدہ کیا ہے۔ x

**RS - NTA**

NTA کے قیام کے بعد سے اس کے ذریعہ منعقد کئے گئے مختلف امتحانات میں پانچ کروڑ سے زیادہ امیدواروں نے ان میں شرکت کی ہے۔ NTA نے اب تک 250 امتحانات کا انعقاد کیا ہے۔ مودی حکومت کے اقتدار میں آنے کے بعد سے، حکومت نے گذشتہ دس برس میں میڈیکل سیٹوں میں اضافہ کرکے ایک لاکھ دس ہزار تک کردیا ہے۔ وزیرتعلیم دھرمیندر پردھان نے آج راجیہ سبھا میں ایک ضمنی سوال کے جواب میں یہ اطلاع فراہم کی۔

کوچنگ سینٹروں کی تیزی سے بڑھتی تعداد کے بارے میں، ایوان کے ارکان کے جذبات کی عکاسی کرتے ہوئے، جناب پردھان نے کہا کہ حکومت کی خواہش ہے کہ ملک میں کوئی بھی کوچنگ سینٹر نہ ہو اور یہ کہ ہر طالب علم کو معیاری تعلیم تک رسائی حاصل ہونی چاہیئے۔ وزیر موصوف نے سرکاری اسکولوں پر توجہ مرکوز کرنے کی ضرورت پر بھی زور دیا۔x

**IAF Tarang Shakti**

بھارت، تمل ناڈو میں Sular کے مقام پر اگلے مہینے کی 6 تاریخ سے دو مرحلوں میں اپنی پہلی کثیر ملکی فضائی مشق 'ترنگ شکتی 2024' کی میزبانی کرے گا۔ اس فضائی مشق میں تقریباً 30 ممالک شرکت کریں گے۔ اِن میں سے 10 ممالک اپنے جنگی طیارے کے ساتھ مشق میں حصہ لیں گے۔ یہ مشق، بھارت کی دفاعی طاقت کو اجاگر کرے گی اور باہمی تعاون کو فروغ دینے کیلئے شرکت کرنے والے ملکوں کیلئے ایک پلیٹ فارم فراہم کرے گی۔ آج نئی دلّی میں ایک تعارفی پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے بھارتی فضائیہ کے نائب سربراہ ایئر مارشل اے پی سنگھ نے بتایا کہ مشق کا پہلا مرحلہ 6 سے 14 اگست تک تمل ناڈو کے سولار میں، جبکہ دوسرا مرحلہ راجستھان کے جودھپور میں 29 اگست سے 14 ستمبر تک منعقد کیا جائے گا۔

انھوں نے مزید کہا کہ مشق میں آسٹریلیا، بنگلہ دیش، فرانس، جرمنی، یونان، اسپین، متحدہ عرب امارات، برطانیہ، امریکہ اور سنگاپور پر مشتمل 10 ممالک اپنے طیاروں کے ساتھ شریک ہوں گے اور 18 ممالک بطور مشاہدین شرکت کریں گے۔ x

***Israel Hezbollah Commander***

حماس کی سیاسی شاخ کے سربراہ اسماعیل ہنیہ کا تہران میں قتل کردیا گیا۔

ایران کی پاسدارانِ انقلاب فوج نے آج ایک بیان میں کہا کہ ہنیہ اور اُن کے ایک ذاتی محافظ کو ایران کی راجدھانی تہران میں اُن کی رہائش پر ، اُس وقت قتل کردیا گیا، جب وہ گذشتہ کل ایران کے صدر مسعود پزیشکیان کی حلف برداری کی تقریب میں شرکت کیلئے شہر میں موجود تھے۔

اِس سے قبل اسرائیل نے کہا ہے کہ اُس نے کل لبنان کی راجدھانی بیروت کے جنوبی مضافات میں ایک حملے میں حزب اللہ کے چوٹی کے کمانڈر کو مار گرایا ہے۔ x

## Iran - Israel

ایران کے سپریم لیڈر آیت اللہ علی خمینی نے تہران میں حماس کے سیاسی رہنما اسماعیل ہنیہ کو قتل کرنے پر اسرائیل کو سخت ترین سزا دینے کا عہد کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ حماس لیڈر کے قتل کا بدلہ لینا ایران پر فرض ہے۔ مقامی ذرائع ابلاغ نے خبر دی ہے کہ ایران نے ہنیہ کی موت پر ملک بھر میں تین دن کے عوامی سوگ کا اعلان کیا ہے۔ اس سے پہلے حماس کے سیاسی رہنما ، ہنیہ کا آج تہران میں قتل کردیا گیا۔ ایران کی پاسدارانِ انقلاب فوج ، IRGC کے مطابق ہنیہ اور اُن کے ایک ذاتی محافظ کو ایران کی راجدھانی تہران میں اُن کی رہائش پر ، اُس وقت قتل کردیا گیا، جب وہ گذشتہ کل ایران کے صدر مسعود پزیشکیان کی حلف برداری کی تقریب میں شرکت کیلئے آئے تھے۔x

## Russia Ukraine Conflict

یوکرین کی فضائیہ نے دعویٰ کیا ہے کہ اُس نے رات میں روس کے طویل مسافت کے ڈرونز حملوں کو ناکام بنا دیا۔ یوکرین کی فضائیہ نے کہا کہ اُس نے روسی فوج کے تمام 89 ڈرونز اور ایک میزائل کو کیف اور دیگر علاقوں میں مار گرایا۔ کیف کی فوجی انتظامیہ نے کہا کہ راجدھانی کیف اور اُس کے مضافات میں 40 سے زیادہ ڈرونس مار گرائے گئے ہیں۔ اِن حملوں میں کوئی جانی نقصان نہیں ہوا ہے۔

دوسری طرف روس کی وزارت دفاع نے آج کہا کہ ملک نے ٹیکنیکل جوہری ہتھیاروں کی مشق کیلئے مشقوں کے تیسرے مرحلے کا آغاز کر دیا ہے۔ x

## IMD Weather

بھارتی محکمۂ موسمیات نے اگلے پانچ دنوں کے دوران ملک کے مغربی ساحلی خطے میں شدید ترین بارش کے جاری رہنے کی پیش گوئی کی ہے۔ محکمۂ موسمیات نے شمال مشرقی، وسطی اور مشرقی بھارت میں بھی اگلے تین سے چار دنوں کے دوران شدید ترین بارش کی پیشگوئی کی ہے۔ محکمۂ موسمیات نے مزید کہا کہ وسطی مہاراشٹر میں ہفتے کے روز تک، مشرقی مدھیہ پردیش میں اگلے دو دنوں تک اور کونکن اور گوا میں جمعہ اور ہفتے کے روز شدید ترین بارش کا امکان ہے۔

وہیں محکمۂ موسمیات نے گجرات خطے میں ہفتے کے روز شدید بارش کی پیشگوئی کی ہے۔ دلّی میں محکمۂ موسمیات نے اگلے پانچ دنوں کیلئے ہلکی سے درمیانی درجے کی بارش کی پیشگوئی کی ہے۔ x

## Kerala Weather

اس بیچ بھارتی محکمۂ موسمیات نے کیرالہ کے چار شمالی ضلعوں ، کوزی کوڈ ، وائیناڈ ، کنّور اور کسارا گوڑ کیلئے ریڈ الرٹ جاری کیا ہے۔ موسمیات سے متعلق اپنے نظرثانی شدہ بلیٹن میں محکمۂ موسمیات نے آج شام کہا کہ ارنا کولم ، Idukki ، Thrissur ، Palakkad اور ملاّ پورم میں اورینج الرٹ جاری کیا گیا ہے۔ حکام نے وائیناڈ ، Thrissur ، Palakkad ، ملاّپورم ، کوزی کوڈ ، کنّور اور کسارا گوڑ ضلعوں کے تعلیمی اداروں میں کل کیلئے تعطیل کا اعلان کیا ہے۔ وائیناڈ میں ضلع انتظامیہ نے تودے کھسکنے کے امکانی علاقوں میں رہنے والے لوگوں سے اپیل کی ہے کہ وہ راحت کیمپوں میں منتقل ہوجائیں۔ x

## Paris Olympics

اور اب کچھ خبریں پیرس اولمپکس سے ...

پیرس اولمپکس کے پانچویں دن آج بھارتی دستے نے مکے بازی ، بیڈمنٹن اور نشانے بازی میں اپنی کارکردگی کا مظاہرہ کیا۔ مکے بازی میں، اولمپک میں کانسے کا تمغہ جیتنے والی، Lovlina - Borgohain ، خواتین کے 75 کلوگرام زمرے میں ناروے کی Sunniva - Hofstad کو ہراکر کوارٹر فائنل میں پہنچ گئیں۔ اب اتوار کو ان کا مقابلہ چین کی Li - Qian سے ہوگا۔

تیر اندازی میں، خواتین کے انفرادی زمرے میں دیپیکا کماری، نیدر لینڈس کی Quinty - Roeffen کو ہراکر پری کوارٹر فائنل میں پہنچ گئی ہیں۔

ٹیبل ٹینس میں ، Sreeja - Ankula نے اولمپکس کے پری کوارٹر فائنل میں پہنچنے والی دوسری بھارتی کھلاڑی بن کر تاریخ رقم کی ہے۔

انہوں نے دنیا کی 52 ویں نمبر کی کھلاڑی سنگاپور کی Jian - Zeng کو چار - دو سے ہرایا۔

بیڈمنٹن میں، پی وی سندھو، اپنے آخری گروپ میچ میں اِسٹونیا کی Kristin - Kuuba کو اکیس - پانچ اور اکیس- دس سے ہراکر خواتین سنگلز کے پری کوارٹر فائنل میں پہنچ گئی ہیں، جبکہ لکشیہ سین ، دنیا کے چوتھے نمبر کے کھلاڑی انڈونیشیا کے جوناتھن کِرسٹی کو اکیس - اٹھارہ، اکیس - بارہ سے ہراکر مردوں کے سنگلز کے پری کوارٹر فائنل میں پہنچ گئے۔

نشانے بازی میں ، Swapnil - Kusale مردوں کی 50 میٹر رائفل 3 پوزیشن زمرے کے فائنل میں پہنچ گئے ہیں۔ وہ کوالیفکیشن راؤنڈ میں ساتویں مقام پر رہے تھے۔ فائنل مقابلہ کل ہوگا۔ بھارت نے اب تک دو تمغے حاصل کئے ہیں اور یہ دونوں تمغے نشانے بازی میں حاصل کئے گئے کانسے کے تمغے ہیں۔ x

☆☆☆☆☆☆☆☆